۵۔ کوّا

کوّے ہیں سب دیکھے بھالے — چونچ بھی کالی ، پَر بھی کالے
کالی کالی وردی سب کی — اچّھی خاصی اُن کے ڈھب کی
کالی سینا کے ہیں سپاہی — ایک سی صوُرت ، ایک سیاہی
لیکن ہے آواز بُری سی — کانوں میں لگتی ہے چُھری سی
اچّھی ہے پر اُس کی عادت — بھائیوں کی کرتا ہے دعوت
کوئی ذرا سی چیز جو پا لے — کھائے نہ جب تک سب کو بُلا لے
دانے دانے پر ہے گِرتا — پیٹ کے کارَن گھر گھر پھِرتا
کائیں کائیں پنکھ پسارے — کرتا ہے یہ بھوک کے مارے
تاک رہا ہے کونا کُھترا — کچھ دیکھا تو نیچے اُترا
اُچھلا ، کوُدا ، لپکا ، سُکڑا — ہاتھ میں تھا بچّے کے ٹکڑا
آنکھ بچاکر جھٹ لے بھاگا — واہ رے تیری پُھرتی کاگا
ہا ہا کرتے رہ گئے گھر کے — یہ جا وہ جا چونچ میں بھر کے

(اسمٰعیل میرٹھی)

مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

سینا (سے-نا) .... — سیاہی (سِ-یا-ہی) ....
پسارے (پَ-سا-رے) .... — کھترا (کُھت-را) ....

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

۱) سارے کوّے ایک جیسے کیوں لگتے ہیں؟
۲) کوّوں کو شاعر نے کیا کہا ہے؟
۳) کوّے کی آواز کیسی ہوتی ہے؟

۴) کوّے کی کون سی عادت اچھّی لگتی ہے؟
۵) کوّا کس لیے گھر گھر پھرتا ہے؟
۶) کوّا کون سا کام پھرتی سے کرتا ہے؟

❁ صحیح لفظ چن کر خالی جگہ میں لکھو۔

۱) کوّے کی وردی .... ہوتی ہے۔ (سفید ، کالی ، سنہری)
۲) کوّے کی آواز .... لگتی ہے۔ (بُری ، رسیلی ، بھَلی)
۳) کوّا بھوک کے مارے .... کرتا ہے۔ (کائیں کائیں ، غٹرغوں ، چک چک)
۴) .... کے ہاتھ میں ٹکڑا تھا۔ (بچّے ، کوّے ، کالے)
۵) شاعر نے کوّے کو .... لکھا ہے۔ (بھاگا ، کاگا ، جاگا)

❁ ایسے لفظ تلاش کر کے لکھو جو نظم میں دو دو بار آئے ہیں۔

❁ ذیل کے کام کی شکل بدل کر لکھو۔ جیسے : پانا سے پالے ، بلانا سے بلالے

۱) کھانا سے .... ۴) رونا سے ....
۲) ہنسنا سے .... ۵) گانا سے ....
۳) پینا سے .... ۶) دیکھنا سے ....

❁ نظم سے ایسے لفظ چن کر لکھو جو 'د' سے شروع ہوتے ہیں۔

❁ صحیح جواب کے سامنے ✓ نشان لگاؤ۔

۱) کوّے کی اچھّی عادت
- بھوک کے مارے کائیں کائیں کرتا ہے۔
- بھائیوں کی دعوت کرتا ہے۔
- بچوں کے ہاتھ سے ٹکڑا اُچک لیتا ہے۔

---

۲) سب کوّے ایک جیسے نظر آتے ہیں
- سب کالے رنگ کے ہوتے ہیں۔
- سب بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔
- سب جھنڈ بنا کر رہتے ہیں۔

❁ نظم سے ایسے لفظ چن کر لکھو جن میں 'و' آیا ہے۔

❁ نیچے لکھے ہوئے شعروں سے ایک جیسی آواز والے لفظ لکھو۔

۱) کالی مینا کے ہیں سپاہی — ایک سی صوٗرت ، ایک سیاہی

۲) اچّھی ہے پر اُس کی عادت — بھائیوں کی کرتا ہے دعوت

۳) اُچھلا ، کوٗدا ، لپکا ، سُکڑا — ہاتھ میں تھا بچّے کے ٹکڑا

❁ نیچے لکھے ہوئے مصرعے پورے کرو۔

کوّے ہیں سب	چونچ بھی کالی ، پر ....
لیکن ہے .... سی	کانوں میں لگتی ہے ....
تاک رہا ہے	کچھ دیکھا تو ....

❁ نیچے دیے ہوئے لفظوں میں صحیح جگہ پر (ُ) نشان لگاؤ۔

۱) بری ۲) چھری

۳) کھترا ۴) اترا

❁ نیچے دیے ہوئے لفظوں کا استعمال کرو۔

جیسے : ہاہا کرتے رہ گئے گھر کے

واہ وا ، چھی چھی ، ارےارے

۱) واہ وا..

۲) چھی چھی......................................

۳) ارےارے......................................

تصویر دیکھ کر اپنی پسند کے جملے بولو۔

❁ لفظوں کے معنی کی جوڑیاں لگاؤ۔

لفظ	معنی
وردی	کالک
مینا	پر
سیاہی	کوّا
پنکھ	لباس
کاگا	فوج

❁ دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے خانوں میں حرف لکھو اور لفظ بناؤ۔

اشارے : اوپر سے نیچے :

ہم جس کی عبادت کرتے ہیں۔

ہم نیند میں دیکھتے ہیں۔

جہاں جنگلی جانور رہتے ہیں۔

اندھیرے کا اُلٹ لفظ۔

دائیں سے بائیں :

دن میں روشنی پھیلانے والا

ہفتے کا ایک دن۔

ایک پھول کا نام۔ بارش برسانے والے۔

					ا	خ
	خ				ج	
س			ج			ا
		م		گ	ل	
	ب		گ	ل		ب
ب		د				

❁ پرندوں کے نام اور آواز کی جوڑی لگاؤ۔

پرندہ	آواز
کوّا	چوں چوں
کبوتر	ٹیں ٹیں
چڑیا	کوہو کوہو
کوئل	غٹرغوں
طوطا	کائیں کائیں

عملی کام :

۱) ’بندر بانٹ‘ کہانی حاصل کر کے جماعت میں سناؤ۔

۲) پرندوں کی تصویریں جمع کرو۔

کیا تم جانتے ہو؟

کبھی کبھی بات میں زور پیدا کرنے کے لیے کسی لفظ کو دو دو بار کہتے ہیں جیسے ذرا ذرا، پیارے پیارے، چھوٹے چھوٹے، بڑے بڑے، ننھے ننھے، ڈھیرے ڈھیرے، تیز تیز وغیرہ۔

71JTI4